Maulana Azad National Urdu University

M.A. Urdu : II Semester Examination May - 2019

Paper : MAUR204DST : Sir Syed Ahmed Khan

پرچہ : سرسید احمد خان

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) انقلاب 1857 کے وقت سرسید کس شہر میں مقیم تھے؟

(ii) سائنٹفک سوسائٹی کو سرسید نے کب اور کہاں قائم کیا؟

(iii) سرسید انگلینڈ کے سفر سے کس سن میں واپس ہوئے؟

(iv) آثار الصنادید کا ترجمہ کس نے فرانسیسی زبان میں کیا؟

(v) ''علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ'' اخبار تھا یا رسالہ؟

(vi) خطبات احمدیہ کا موضوع کیا ہے؟

(vii) سرسید نے فارسی مدرسہ کہاں قائم کیا؟

(viii) وائسرائے ہند کو سرسید نے یہ درخواست کب دی تھی کہ دیسی زبان میں یونیورسٹی قائم کی جانی چاہیے؟

(ix) مغل دربار سے سرسید کو کون سے خطابات ملے؟

(x) حکومت برطانیہ نے سرسید کو سر کا خطاب کب دیا؟

حصہ دوم

2۔ سرسید کے نثری اسلوب کو اجاگر کیجیے۔

3- تاریخ کے بارے میں سرسید کے نظریے کی نشاندہی کیجیے۔

4- سرسید کے مشن میں لندن کے سفر نے کیا اثرات مرتب کیے۔ واضح کیجیے۔

5- آثارالصنادید پر ایک نوٹ لکھیے۔

6- محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کے کیا مقاصد تھے؟ بیان کیجیے۔

7- حصول تعلیم کے مقاصد کے پیش نظر سرسید نے کتنے طبقے شمار کرائے ہیں؟ نشاندہی کیجیے۔

8- تہذیب الاخلاق کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ تحریر کیجیے۔

9- سرسید نے نیچرل شاعری کی بات کی ہے؟ نیچرل شاعری سے ان کی مراد کیا تھی؟ واضح کیجیے۔

حصہ سوم

10- سرسید کی ادبی خدمات کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

11- 1857 سے قبل اور بعد کی سرسید کی تصانیف کے امتیازات کو اجاگر کیجیے۔

12- بحیثیت مصلح سرسید نے کیا کام انجام دیے؟ واقف کرائیے۔

13- سرسید کے مذہبی افکار پر روشنی ڈالیے۔

14- جدید تعلیم کے لیے سرسید کی کاوشوں کو نمایاں کیجیے۔

☆☆☆